Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۴۴۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۷

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۱ / ۳۶ | ہفتہ ۹ جمادی الاول ۱۴۰۲ھ ۶ امان ۱۳۶۱ ہش ۶ مارچ ۱۹۸۲ء | نمبر ۵۲

اخبار احمدیہ

ربوہ: ۴ امان / مارچ۔ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں محترم ڈاکٹر مرزا مبشر احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

"طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے" الحمد للہ

احباب کرام التزام اور خصوصی توجہ سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولا کریم اپنے فضل سے ہمارے محبوب امام ہمام ایدہ اللہ کو صحت و سلامتی سے رکھے اور روح القدس کی تائید سے نوازتا رہے۔ آمین

دُعا کریں کہ اللہ ہم سب کو اس گروہ میں شامل کرے جنکا نور ہر آن بڑھتا جائے گا

یہ وہ لوگ ہیں جو خالص توبہ اور رجوع الی اللہ کے نتیجے میں اللہ کے غضب کی آگ سے بچتے ہیں

انکے اعمال محض للہ ہونگے ان میں کوئی ملاوٹ، کھوٹ، ریا، تکبر یا دکھاوا نہیں ہوگا

مسجد اقصیٰ ربوہ میں سیدنا حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ کا خلاصہ

ربوہ: ۵ امان / مارچ۔ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج یہاں مسجد اقصیٰ میں نماز جمعہ و عصر بارش کی وجہ سے جمع کر کے پڑھائیں نماز سے قبل حضور نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور ایدہ اللہ نے بعض آیات قرآنی کی رو سے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی آگ کی وضاحت کرتے ہوئے اس سے بچنے کے قرآنی طریقوں پر روشنی ڈالی اور تقویٰ کی راہوں پر چل کر نور حاصل کرنے کی تلقین فرمائی۔

حضور ایدہ اللہ نے تشہد و تعوذ اور سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بعد اپنی صحت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا

"پچھلے آٹھ دس روز بڑے شدید انفلوئنزا میں گذرے اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیماری دور ہو گئی ہے ضعف ابھی باقی ہے اللہ تعالیٰ اپنا فضل کرے۔ دُعا کریں کہ ضعف بھی دُور ہو جائے۔" آمین

بعد ازاں حضور نے فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کافۃً للناس کی حیثیت سے مبعوث ہوئے ہیں یعنی قیامت تک کے سب انسانوں کے لیے رسول ہیں۔ آپؐ کی صفات میں سے بشیر اور نذیر ہونا بھی ہے اور دیگر صفات بھی ہیں مگر آپ کی بنیادی صفت بشیر اور نذیر ہونا ہی ہے اور قرآن کریم اس ضمن میں انذار و تبشیر سے بھرا پڑا ہے۔ حضور نے ایک آیت قرآنی

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَاَھْلِیْکُمْ نَارًا

(التحریم: ۷)

کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ قرآن کہتا ہے کہ اپنے نفسوں اور اپنے اہل کو خدا کے غضب کی آگ سے بچانے کی کوشش کرو۔ حضور نے فرمایا کہ اس میں انذاری پہلو یہ ہے کہ بعض دفعہ انسان کے دل میں ایمان ہوتا ہے اور وہ عمل بھی اس کے مطابق کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہے لیکن اس کے اہل (گھر والے) اس کے لیے فتنہ کا باعث بن جاتے ہیں اس لیے صرف اپنی اصلاح کافی نہیں بلکہ نئی نسلوں کی تربیت بھی ضروری ہے تاکہ خدا تعالیٰ کے غضب کی آگ سے بچا جا سکے۔

حضور نے فرمایا کہ اس سورۂ تحریم کی نویں آیت میں اس آگ سے بچنے کے بھی طریقے بتائے ہیں اور اس میں سے پہلا طریق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہر آن خالص اور کامل طور پر رجوع کرتے رہو اس مخلصانہ توبہ کا پہلا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری سابقہ بدیوں کو مٹا دے گا اور آئندہ بدیوں کے امکان کو بھی دور کرتا چلا جائے گا اس لیے کہ انسان ضعیف ہے وہ غلطی کر جاتا ہے لیکن انسان کو ہرگز یہ تکبر نہیں کرنا چاہیئے کہ وہ غلطی نہیں کر سکتا اسے ہر آن توبہ کے ذریعے اپنی غفلتوں کو مٹانے کی کوشش کرتے رہنا چاہیئے۔

حضور نے فرمایا کہ اس توبہ اور رجوع الی اللہ کا دوسرا نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے جنت کا سامان پیدا کر دے گا۔ جنت بھی دو قسم کی ہے ایک اس زندگی میں اور دوسری مرنے کے بعد۔ یعنی اس زندگی میں بھی تمہارے گھروں میں جنت جیسی کیفیات پیدا ہوں اور ابدی زندگی بھی تمہیں ملے جو مرنے کے بعد ہوگی اور جو خدا تعالیٰ کے غضب کی نہیں بلکہ پیار کی زندگی ہوگی۔

حضور نے آیت مذکورہ بالا کی تفسیر جاری رکھتے ہوئے فرمایا کہ ہر بدی رسوائی ہے اور بے عزتی ہے اور سب سے بڑی رسوائی یہ ہے

(باقی صـ۵ پر)

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ

مدظلہا العالی کی صحت کئی روز سے بلڈ پریشر میں اضافہ برقرار رہنے کی وجہ سے ناساز چلی آ رہی ہے۔ احباب کرام التزام اور توجہ سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ موصوفہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تا دیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین ؛

آٹھویں گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ کا افتتاح

شدید بارش کی وجہ سے کل پر ملتوی ہو گیا

ربوہ: ۱۵ امان / مارچ۔ جبل الرحمٰن کلب مرکزیہ کے تحت منعقد ہونے والے آٹھویں سالانہ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ کے افتتاح کی تقریب عین وقت پر بارش کی وجہ سے اگلے دن صبح تک ملتوی کر دی گئی۔ پروگرام کے مطابق ۵ مارچ کو شام تین بجے اس ٹورنامنٹ کا افتتاح عمل میں آنا تھا مگر پونے تین بجے کے قریب شدید بارش شروع ہو گئی جو قریباً پون گھنٹہ جاری رہی اس کی وجہ سے میدان میں پانی کھڑا ہو گیا اور پھسلن ہو گئی چنانچہ ٹورنامنٹ کمیٹی کے صدر محترم محمد اسلم شاد منگلا صاحب نے اعلان کیا کہ بارش کی وجہ سے افتتاح اس وقت ملتوی کیا جاتا ہے اب یہ افتتاح کل ۶ مارچ کو صبح دس بجے ہوگا۔

اس موقعہ پر ٹورنامنٹ کمیٹی کے سیکرٹری محترم صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب نے نمائندہ الفضل کو بتایا کہ اس وقت تک ۱۴۱ گھوڑے ٹورنامنٹ میں شمولیت کے لیے آ چکے ہیں جبکہ پچھلے سال ۱۳۰ گھوڑے شامل ہوئے تھے۔

آج جملہ احباب و خواتین کی بہت بڑی تعداد نماز جمعہ کی ادائیگی کے فوراً بعد گھوڑ دوڑ میدان بالمقابل گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں پہنچ چکی تھی۔ خواتین کی نشستوں کا اہتمام ایک باپردہ پنڈال میں کیا گیا ہے۔ اس وقت خفیف سی بوندا باندی ہو رہی تھی جو چنداں قابل لحاظ نہ تھی مگر تقریب کے مقررہ وقت سے معاً قبل شدید بارش شروع ہو گئی جس کے بعد تقریب افتتاح کو ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا گیا ——

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴، پبلشر: مسعود احمد، پرنٹر: سید عبد الحی، مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ، مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دار الرحمت غربی ربوہ، قیمت: ۵۵ پیسے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے خوشی کا سامان پیدا کر دیا اور ایک پیارا سا لڑکا ہمیں عطا کیا

حضرت مصلح موعود کے رکھے ہوئے ناموں میں سے قرعہ نکلا تو "عثمان" نکلا اور یہی اس کا نام رکھا گیا ہے

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس ننھے جان کو عمر، صحت کے ساتھ ذریت طیبہ میں شامل ہونے کی توفیق عطا کرے

جس رنگ میں میرے بھائیوں اور بہنوں نے اس خوشی میں شرکت کی ہے میں الفاظ نہیں پاتا کہ ان کا شکریہ ادا کروں

اللہ تعالیٰ آپ کو احسن جزا دے اور آپ کے گھروں کو بھی نیک اور پاک اولاد، ذریت طیبہ سے معمور کر دے

فرمودہ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

بتاریخ ۵ تبلیغ ۱۳۶۱ ہش مطابق ۵ فروری ۱۹۸۲ء بمقام مسجد اقصیٰ - ربوہ

مرتبہ: مکرم بشیر احمد صاحب اختر، صیغہ زود نویسی ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:-

حقیقی صبر کامل توکل کو چاہتا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ (ابراھیم آیت: ۱۳)

کہ ہمیں کچھ ہو تو نہیں گیا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھتے ہوئے اس پر توکل نہ کریں — اور اس کے ساتھ ہی بعض مقامات پر وَلَنَصْبِرَنَّ آگیا۔ اور اس لیے ہم صبر کرتے ہیں۔

صبر کے کئی معانی ہیں

اس لیے ہم خدا تعالیٰ کی کامل اطاعت کرتے ہیں۔ استقامت کے ساتھ اس دین پر قائم ہیں جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا۔ ہم صبر کرتے ہیں اُس ابتلاء اور امتحان کے وقت جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس لیے آتا ہے کہ وہ دیکھے کہ ہم نے اُس کے دامن کو مضبوطی سے پکڑا ہوا ہے یا نہیں۔

کائنات کی اور انسانی زندگی کی حقیقت یہی ہے کہ جو ملتا ہے اللہ سے ملتا ہے اور بظاہر جس چیز کو دنیوی نگاہ تکلیف دہ پاتی ہے اس کے پیچھے بھی اللہ تعالیٰ کی

رحمتوں کا سمندر

موجزن ہوتا ہے وہ آزماتا بھی ہے ایسے حالات پیدا کر کے، وہ آزماتا بھی ہے خوشیوں کے سامان پیدا کر کے بھی۔

ابھی ایک حادثہ گزرا، سخت ہے وہ۔ لیکن جو تعلق اللہ تعالیٰ کے ساتھ انسان کا ہوتا ہے، ایسی ہزار قربانیاں بھی دینی پڑیں تو اس تعلق کو تو قطع نہیں کیا جا سکتا۔ نہ وہ تعلق قطع ہو سکتا ہے۔

پھر وہ خوشی کے سامان بھی پیدا کر دیتا ہے اور پچھلی پیر (یکم فروری ناقل) کو اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی ایک خوشی کا سامان پیدا کر دیا۔

ایک پیارا سا لڑکا

ہمیں عطا کیا۔ جس کا نام حضرت مصلح موعودؓ ..... رکھ گئے تھے۔ ابھی لقمان چھوٹا تھا، کم عمر اور اس کا بھائی فرید قرآن کریم کریم پڑھ رہا تھا۔ مکرم مولوی ارجمند خاں صاحب مرحوم سے۔ تو یہ آیت اُس وقت آگئی پڑھتے ہوئے

اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ (لقمٰن آیت: ۱۴)

لقمان بہت چھوٹا تھا۔ تو یہ غصے میں آ کے کہنے لگا یہ میرا نام کیوں لے رہے ہیں مجھے چڑانے کو؟ مولوی صاحب نے کہا میاں!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یہ تمہارا نام نہیں لے رہا، یہ قرآن کریم کی آیت پڑھ رہا ہے۔ تو لقمان اپنے بچپنے میں کہنے لگا کہ اُس وقت میں کوئی تھا؟ تو حضرت صاحبؓ ۔ ۔ ۔ ۔ کو جب لطیفہ سنایا ہم نے تو بہت ہنسے اور پھر

نام رکھنے شروع کئے

اِس کے بیٹوں کے ۔ چھ، سات نام رکھ دیئے، رضوان، عثمان، عمران، عدنان، سلمان، عرفان ۔ وہ نام نوٹ کئے ہوئے تھے تو رضوان تو جو پہلا اس کا لڑکا تھا، اس کا نام رکھا گیا ۔ دوست دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں کو بھی دور کرے، وہ پریشانیاں بھی جنکا اُسے احساس ہے اور وہ بھی جن کا اِس عمر میں اسے احساس نہیں پیدا ہو سکتا۔

اور جب اس دوسرے بیٹے کے نام رکھنے کا سوال پیدا ہوا، مجھے خیال آیا کہ نام تو بہت سارے رکھے ہیں اگر ان میں سے خود میں انتخاب کروں ۔ پھر میرا بھی حصّہ بیچ میں آ جائے گا نا انتخاب میں ۔ تو میں نے کہا کہ اس طرح نہیں نام رکھتے، بلکہ قرعہ ڈالتے ہیں ۔ تو حضرت مصلح موعودؓ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نے جو نام رکھے تھے، ایک تو رکھا جا چکا تھا رضوان، باقی جو تھے ان کو پرچیوں پہ لکھ کے قرعہ نکالا تو "عثمان" نکلا ۔ تو

عثمان نام رکھا گیا

میں نے اُس سے پہلے ذکر نہیں کیا تھا کہ میری خواہش ہے کہ میں عثمان رکھوں یعنی ان ناموں میں سے عثمان کا انتخاب کروں ۔ میں نے باپ سے پوچھا تھا کیا نام رکھنا ہے؟ تو لقمان کہنے لگا جو آپ کی مرضی ۔ تو میں نے سوچا کہ جو آپ کی مرضی یہ کہہ رہا ہے تو میں بھی اپنے باپ کو کہوں جو آپ کی مرضی ۔ قرعہ نکال لیتے ہیں تو قرعے میں یہ نام رکھا گیا اور اللہ تعالیٰ نے

خوشیوں کا سامان

پیدا کیا ۔ الحمد للہ علیٰ کل حالٍ ۔ الحمد للہ رب العلمین۔ سب تعریفیں اسی کی طرف رجوع کرتی ہیں۔

جماعت اور خلیفۂ وقت ایک ہی وجود کے دو نام ہیں ۔ یورپ میں بھی میں نے بعض دفعہ اعلان کیا اس کا بعض سوالوں کے جواب میں ۔ تو خلافت کی وساطت سے وہ اس خوشی میں بھی شامل ہوئے جو ذاتی بھی ہے ۔

اور خدا تعالیٰ کرے کہ دین کے خادم ہوں سب بچّے، یہ بھی ان میں سے ہو ۔ خدا کرے کہ وہ ذریتِ طیبہ جس کے لیے حضرت (اقدس ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔) نے دُعائیں کیں، اللہ اپنے فضل سے اس ننھی جان کو عمر، صحت کے ساتھ اس

ذرّیتِ طیبہ میں شامل ہونے کی توفیق

عطا کرے ۔ آمین ۔

جس رنگ میں میرے بھائیوں نے اور بہنوں نے اس خوشی میں شرکت کی ہے میں الفاظ نہیں پاتا کہ ان کا شکریہ ادا کروں، خصوصاً اہلِ ربوہ نے جس رنگ میں خوشی کا اظہار کیا ۔ دُعا کر سکتا ہوں، دُعا دیتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو احسن جزا دے اور آپ کے گھروں کو بھی نیک اور پاک اولاد سے، طیّب ذرّیت سے معمور کر دے آمین ؂

قطعات

نغماتِ مسرّت

گُلِ باغِ خلیفۂ ثالث — صحنِ لقمان میں ہوا پیدا
یا کوئی ماہتاب جلوہ فگن — شکلِ عثمان میں ہوا پیدا

طاہر احمد کا نورِ نظر آ گیا — ناصر احمد کا لختِ جگر آ گیا
فائزہ کی بھی پاکیزہ آغوش میں — ایک معصوم رشکِ قمر آ گیا

حق تعالیٰ کا ہے یہ اک انعام — کیوں نہ مسرور ہوں خواص و عوام
گُل کھلا باغِ احمدیت میں — مہک اٹھا حدیقۂ اسلام

یا تو یہ کوئی ماہِ پروین ہے — یا کوئی آفتاب ہے رخشاں
ظلمتِ غم کے دُور کرنے کو — کہکشاں کہکشاں ہوئیں خوشیاں

اللہ اللہ ولادتِ مسعود — رکھ گئے نام مصلح موعود
دے خدا اس کو حکمتِ لقمان — اسمِ عثمان ہے بڑا محمود

ہر غزل گو ہے آج نغمہ سرا — شاد ہر طائرِ گلستاں ہے
یعنی اک گُل شگفتہ ہونے پر — باغِ لقمان آج خنداں ہے

آج جبکہ درِ قبول ہے باز — کیوں نہ دیں ہم دعاءِ عمرِ دراز
ہو عطا اس کو حق سے عمرِ طویل — رکھے اللہ اس کو سرافراز

طاہر احمد کا دل بھی شاداں ہے — ناصر احمد کا قلب بھی ہے شاد
دل کی گہرائیوں سے دیتا ہے — قیس مینائی بھی مبارک باد

(قیس مینائی نجیب آبادی کراچی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدا تعالیٰ کا ایک قہری نشان ○ ایک دشمنِ رسولؐ کی ہلاکت

تھا لیکھرام اک بڑا بدبخت آریہ
کبر و انا کے نشّے میں سرمست آریہ

دیتا تھا گالیاں وہ رسولِ کریمؐ کو
اُس محسنِ عظیم رؤوف و رحیمؐ کو

خلّاقِ دوجہاں کا بھی دشمن تھا وہ لعین
کہتا تھا طنز سے وہ اُسے خیرِ ماکرین

"جھوٹا کلام" کہتا تھا حق کی کتاب کو
نورِ ھدیٰ کو نازشِ صد آفتاب کو

سمجھایا اس کو حضرتِ احمد نے بار بار
لیکن ہوا ذرا بھی کبھی وہ نہ شرمسار

حضرت نے اُس کو یہ بھی کئی مرتبہ لکھا
دُشنام چھوڑ، اِس بُری خصلت سے باز آ

تجھ کو تلاش حق و صداقت کی ہے اگر
کچھ روز میرے پاس تو آکر قیام کر

کچھ خوف کھا خدائے محمدؐ کے قہر سے
تشنہ ہے تُو تو دور نہ رہ حق کی نہر سے

لیکن جو ہو خُدا سے ہی مطلوب فیصلہ
اُس کے نشان مجھ سے یہاں دیکھنے کو آ

اُس نے لکھا کہ جھوٹا سمجھتا ہوں میں تجھے
اور مفتری ہیں سارے رسول و نبی ترے

سچّا اگر ہے تیرا خُدا اور تیرا نبیؐ
کر پیشگوئی میری تباہی کی تو ابھی!

اِس پر خدا سے حضرتِ احمد نے کی دُعا
جس کا جواب اُس نے بصد شان یہ دیا

دیکھیں گے آریہ مری قدرت کا اک نشاں
پائے گا لیکھرام سزا اپنی بے گماں

مرنے کا اُس کے سوگ وہ گھر گھر منائیں گے
پھر راکھ اس کی گنگا میں جا کر بہائیں گے

اِس آریہ کی آئے گی شامت بروزِ عید
لاریب پورا ہو کے رہے گا مرا وعید

چھ سال بھی نہ گزریں گے یہ مارا جائے گا
اور جلد ہی ہوا یہ جہنّم کی کھائے گا

گوسالہ ہے یہ قتل پہ اپنے ڈکارے گا
اپنے خداؤں کو یہ مدد کو پکارے گا

کرنا خدا کا ایسا ہوا پھر کہ ایک روز
اِک اجنبی ملا اُسے پُرغیظ و قہر و سوز

رہنے لگا وہ ہر گھڑی لیکھو کے ساتھ ساتھ
اس حال میں کہ رہتے تھے کمبل میں اُسکے ہاتھ

لیکھو کی آرزو تھی یہ ہو جائے آریہ
نام اس کا راج پال ہو یا ہو اچاریہ

اس کو تھی کیا خبر کہ فرشتہ ہے یہ کوئی
جو ختم کر کے چھوڑے گا اب اس کی زندگی

آخر خُدا کا وقتِ مقرر بھی آگیا
وہ اجنبی جہاں کو کرشمہ دکھا گیا

لیکھو نے اُٹھ کے کھاٹ سے اک دن جمائی لی
ایسے کہ توند تھوڑی سی آگے کو بڑھ گئی

اتنے میں اجنبی کا چھُرا وار کر گیا
لیکھو کو ایک آن میں مُردار کر گیا

گوسالہ کٹ کے واصلِ نارِ سقر ہُوا!
پورا وعیدِ ربِّ شہہِ بحر و بر ہُوا!

اِس معجزہ سے خوش ہوا دل ہر سعید کا
چھ مارچ کا وہ روز تھا اور یوم عید کا

ماتم کی بچھ گئیں صفیں ہر آریہ کے گھر
اور مومنین ہو گئے خوشیوں سے بہرور

بعد اُس کے حق ہی جانئے، وہ قاتل کدھر گیا
دھرتی میں چھپ گیا کہ وہ آکاش پر گیا

گھر گھر گلی گلی اُسے ڈھونڈا گیا مگر!
آیا کسی کو پھر نہ کہیں پر بھی وہ نظر!

دن کا سماں تھا اور ہر اک ہوشمند تھا
دروازہ گھر کا ویسے ہی اندر سے بند تھا

ماں نے کہا "ہے چھت پہ وہ گُم ہو گیا کہیں
نیچے اُترتا میں نے تو دیکھا اُسے نہیں"

القصّہ موتِ لیکھو خدا کا تھا اک نشان
صدیق نے جو نظم میں ہے کر دیا بیاں

قَدْ مَاتَ لیکھرامُ بِلاَ ھَوْرٍ ھَائِماً
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّکَ یَا رَبِّ دَائِماً

(محمد صدیق امرتسری سابق مبلغ مغربی افریقہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بقیہ :- خلاصہ جمعہ

کہ انسان اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں اپنے لیے حقارت دیکھے - اس ضمن میں اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں تیسری بات یہ فرمائی ہے کہ وہ اپنے نبی کو رسوا نہیں کرے گا نہ صرف نبی کو بلکہ ان کو بھی رسوا نہیں کرے گا جو اس کے ساتھ ایمان لائے -

حضور نے فرمایا چوتھی بات یہ ہے کہ جو لوگ عقیدۃً اور عملاً توبہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے راستوں پر چلتے ہیں اور ایسے اعمال بجالاتے ہیں جن میں کوئی ملاوٹ، کھوٹ، ریا، تکبر اور دکھاوا نہیں ہوتا بلکہ سارے کے سارے اعمال اللہ تعالیٰ کے پیار کے چشمے سے ابلتے ہوئے باہر آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور قبول ہوتے ہیں اللہ ان کو نور عطا کرتا ہے اور یہ نور محض حال کو یعنی جو آج کا وقت ہے اس کو روشن کرنے والا نہیں ہوگا بلکہ ان کے آگے آگے بھاگے گا یعنی مستقبل کو بھی روشنی دے گا اور اس کے نتیجے میں صحیح بات یعنی اعمال صالحہ کی طرف میلان پیدا کرے گا - دین کو دنیا پر مقدم کرنے کا حوصلہ اور عزم اور توفیق پیدا کرے گا اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاتمہ بالخیر ہوگا -

حضور نے بتایا کہ اس آیت کے آخر میں فرمایا کہ ایسے لوگوں کی دعا قبول ہوگی اور یہ مقبول دعا اللہ کی رحمت کو جذب کرے گی اور چونکہ کوئی انسان جتنی بھی رفعت حاصل کرے وہ انتہائی رفعت تک نہیں پہنچ سکتا کیونکہ اس میں نقص باقی رہ جاتا ہے اس کے پیش نظر ان کو اس دعا کی توفیق ملے گی کہ اے خدا ہمارے نور کو جو تو نے اپنی رحمت سے دیا ہے اور بھی کامل کر اور یہ دعا قبول ہو جائے گی اور ان کا نور ایک کمال سے دوسرے کمال کی طرف بڑھتا چلا جائے گا اور وہ اس نور میں ہمیشہ ہی تقوی کی زندگی گذاریں گے اور اپنی زندگیوں میں خدا تعالیٰ کی رحمتوں اور صفات کے نئے سے نئے جلوے دیکھیں گے اور اس زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد اخروی زندگی میں بھی یہ سلسلہ جاری رہے گا -

حضور نے آخر میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس گروہ میں شامل ہونے کی توفیق دے آمین ؛

اس کے بعد حضور نے خطبہ عربی کی تلاوت فرمائی اور پھر فرمایا کہ صفیں درست کر لیں حضور نے موسم کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ٹونڈا بازی شاید شروع ہو گئی ہے اور مزید بھی ہوگی اس لیے جو احباب باہر ہیں ان کے لیے بھی اندر جگہ بنا دی جائے -

نماز ظہر و عصر کی باجماعت ادائیگی کے بعد حضور نے حسب معمول گیارہ بار ہلکی آواز میں لا الٰہ الا اللہ کے بابرکت کلمات کا ورد فرمایا - تمام احباب نے بھی حضور کی اقتداء میں یہ بابرکت الفاظ ہلکی آواز میں دوہرائے -

جماعت احمدیہ کی تریسٹھویں مجلسِ مشاورت

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ جماعت احمدیہ کی تریسٹھویں مجلس مشاورت انشاء اللہ تعالیٰ مورخہ ۲۶ - ۲۷ - ۲۸ مارچ ۱۹۸۲ء بروز جمعہ - ہفتہ - اتوار ایوانِ محمود ربوہ میں منعقد ہوگی -

(سیکرٹری مجلس مشاورت)

آل ربوہ بڈی باسکٹ بال ٹورنامنٹ

آل ربوہ بڈی (ٹ ھ ھ ح) باسکٹ بال ٹورنامنٹ مورخہ ۱۳ فروری بروز ہفتہ تا ۱۵ فروری بروز سوموار محلہ دارالرحمت وسطی کی باسکٹ بال گراؤنڈ میں منعقد ہوا - جس میں مندرجہ ذیل محلوں کی دس ٹیموں نے شرکت کی -

دارالرحمت وسطی، شرقی الف، شرقی ب، دارالصدر شرقی، جنوبی، شمالی، دارالعلوم غربی، دارالبرکات، دارالفضل اور دارالیمن -

اس طرح اس ٹورنامنٹ میں تقریباً ۱۰۲ اطفال نے حصہ لیا - اس ٹورنامنٹ کا افتتاح مورخہ ۱۳ فروری بعد از نماز عصر مکرم قریشی عبدالجلیل صاحب مہتمم خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے کیا - ابتدائی میچز ناک آؤٹ سسٹم پر کھیلے گئے - جبکہ سیمی فائنل کراس کراس کی بنیاد پر ہوئے - اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ دارالرحمت شرقی الف اور دارالبرکات کے مابین کھیلا گیا جو کہ دارالرحمت شرقی الف نے جیت لیا - میچ کے اختتام پر ۱۵ فروری کو مکرم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب نے اوّل اور دوم آنے والی ٹیموں میں انعامات تقسیم فرمائے - تقسیم انعامات کے بعد محترم منصور احمد صاحب عمر معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے دعا کروائی -

(مہتمم مقامی مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

اٹھائیسویں سالانہ مرکزی تربیتی کلاس

(۲۳ اپریل تا ۶ مئی ۱۹۸۲ء)

محترم جناب محمود احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ

امسال خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی اٹھائیسویں سالانہ مرکزی تربیتی کلاس حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے ۲۳ شہادت ۱۳۶۱ ہش (اپریل ۱۹۸۲ء) تا ۶ ہجرت ۱۳۶۱ ہش (مئی ۱۹۸۲ء) ایوان محمود ربوہ میں منعقد ہوگی - انشاء اللہ تعالیٰ ! حضور ایدہ اللہ کا تاکیدی ارشاد ہے کہ ہر جماعت اور مجلس سے کم از کم ایک نمائندہ اس کلاس میں ضرور شامل ہو -

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی تعمیل ہم سب کا اوّلین فرض ہے - لہٰذا قائدین علاقہ، قائدین اضلاع اور قائدین مقامی بھرپور کوشش میں لگ جائیں کہ ہر مجلس کا کم از کم ایک نمائندہ ضرور اس تربیتی کلاس میں شامل ہو - میٹرک کا امتحان دینے والے طلباء کی شمولیت خصوصی اہمیت کی حامل ہے جو نمائندے تیار ہوں ان کے اسماء سے فوری طور پر مرکز کو مطلع کیا جائے -

دو ہفتہ کی اس کلاس میں طلباء حضور ایدہ اللہ کے ایمان افروز کلمات سے براہِ راست مستفیض ہوتے ہیں اور سلسلہ کے جیّد علماء کرام اور بزرگان دین اسلام کی بنیادی معلومات سبقاً سبقاً حاصل کرتے ہیں -

خدا تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو اور جملہ عہدیداران خدام الاحمدیہ کو اپنے فرائض کی حقیقی رنگ میں ادائیگی کی توفیق ملے - اور خدام اس کلاس سے کما حقہٗ فائدہ اٹھائیں - آمین !

فہرست وصولی چندہ تعمیر مساجد

۴ تا ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۱ء

۱ -	مکرم اقبال احمد صاحب ایم اے دھرمپورہ بذریعہ مرکزی سیکرٹری صاحب مال لاہور	۵۰/-
۲ -	" نصیر احمد صاحب جنوبی چھاؤنی " " " " "	۵۰/-
۳ -	" ملک بشیر احمد صاحب نیلا گنبد " " " " "	۵۰/-
۴ -	" انوار احمد صاحب سول لائن " " " " "	۵۰/-
۵ -	محترمہ ایک خاتون صاحبہ (جو اپنا نام ظاہر نہیں کرنا چاہتیں) " " " "	۵۰/-
۶ -	مکرم سلیم ناصر صاحب باجوہ شمال چھاؤنی " " " "	۵۰/-
۷ -	" میاں عبدالحکیم صاحب مغلپورہ " " " "	۵۰/-
۸ -	محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ پرانی انارکلی مع والدین و برادر مرحوم " " " "	۷۰/-
۹ -	مکرم ظہور الدین احمد صاحب منگلا ڈیم ضلع جہلم	۵۰/-
۱۰ -	" چوہدری فضل احمد صاحب ۷-۱۶/۷ ضلع ساہیوال	۱۰۰/-
۱۱ -	" سیکرٹری مال دارالصدر غربی ربوہ	۱۱۰/-
۱۲	" محمد حنیف صاحب سیکرٹری جماعت احمدیہ ایبٹ آباد	۱۰۰/-
۱۳ -	محترمہ محمودہ بیگم صاحبہ اہلیہ میاں محمد رفیع ناصر صاحب ربوہ	۱۰۰/-
۱۴ -	مکرم عبدالباری عبدالباری فارسٹ سکول مظفر آباد آزاد کشمیر	۱۴۰/-
۱۵	" منیر احمد خانصاحب دستگیر سوسائٹی بذریعہ جماعت احمدیہ کراچی	۷۵/-
۱۶ -	محترمہ امۃ الرشید شائستہ صاحبہ گلشن اقبال " " "	۵۰/-
۱۷ -	" مبارکہ عزیز صاحبہ سعود آباد " " "	۵۰۰/-
۱۸ -	" ناصرہ یاسمین صاحبہ بیگم شیخ محمد عثمان صاحب ناظم آباد شمالی جماعت احمدیہ کراچی	۸۰۰/-
۱۹ -	مکرم کلیم اللہ خانصاحب " " "	۵۰/-
۲۰ -	" طاہر احمد صاحب پورن نگر بذریعہ جماعت احمدیہ سیالکوٹ	۵۰/-
۲۱ -	" محمود احمد صاحب باوجوہ عزیز آباد بذریعہ جماعت احمدیہ کراچی	۵۰/-
۲۲ -	" قریشی سعید انور صاحب بذریعہ جماعت احمدیہ سیالکوٹ	۱۰۰/-
۲۳ -	محترمہ سیدہ زہرہ بیگم صاحبہ لطیف آباد حیدر آباد	۵۰۰/-
۲۴ -	محترمہ سیدہ ثریا بیگم سید تفضل حسین صاحب ذخیرہ شاہاں بہاولنگر	۱۰۰/-
۲۵	" زہرہ حسین بیگم صاحبہ ایم - اے بی ٹی لطیف آباد حیدر آباد	۷۰/-
۲۶	مکرم ڈاکٹر رحمت اللہ صاحب کالروالا ضلع سیالکوٹ	۲۰۰/-

(وکیلہ المال اول تحریک جدید)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعت کو جامعہ احمدیہ کی طرف خاص توجہ کرنی چاہیئے

سیدنا حضرت مصلح موعود مدرسہ احمدیہ (اب جس کا نام جامعہ احمدیہ ہے) کی ترقی کے بارہ میں فرماتے ہیں

"ہماری جماعت کے دولتمندوں اور درمیانے درجے کے آدمیوں کو اس مدرسہ (جامعہ احمدیہ۔ ناقل) کی طرف خاص توجہ کرنی چاہیئے اور روپیہ اور بچوں سے اس کی ترقی کی کوشش کرنی چاہیئے تا اس کے ذریعہ ہمیں ایسے واعظ جو علوم دینیہ کی حفاظت کر سکیں اور ایسے مبلغ جو بیرونی دنیا کو تمام مسائل مختلفہ میں تسلی بخش جواب دے سکیں حاصل ہو سکیں اور تا علوم کی نہر جو حضرت (اقدس .... ناقل) نے جاری کی ہے منڈیروں کے نقص کی وجہ سے ہماری غفلت کے سبب ادھر اُدھر بہہ کر ضائع نہ ہو جائے اور ہماری آئندہ نسلیں بجائے دعا کرنے کے ہم سے نفرت کا اظہار نہ کریں اور نا خدا تعالیٰ کی ناشکری کے جرم کے مرتکب ہو کر اس کی ناراضگی کے ہم مستحق نہ بنیں" (الفضل ۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء)

احباب جماعت کی خدمت میں درخواست ہے کہ ازراہ مہربانی حضور کے ارشاد کے مطابق زیادہ سے زیادہ ایسے ذہین ہونہار اور دین کا شوق رکھنے والے مخلص نوجوانوں کو وقف زندگی اور جامعہ احمدیہ میں داخلہ کی تحریک فرمائیں جن کے اخراجات کا زیادہ سے زیادہ بوجھ ان کے والدین یا سرپرست خود اٹھا سکیں

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

پتہ درکار ہے

وصیت کے بارہ میں خط و کتابت کرنے کیلئے درج ذیل احباب کے پتہ کی دفتر کو ضرورت ہے اگر موصی خود یہ اعلان پڑھیں تو دفتر سے رابطہ پیدا کریں اور اگر کسی دوست کو ان کے ایڈریس کا علم ہو تو مطلع فرمائیں۔

(۱) تاج الدین صاحب ولد میاں محمد علی صاحب شرق پور خورد ضلع شیخوپورہ وصیت نمبر ۱۱۵۲۵

(۲) محمد عبداللہ ولد حکیم محمد ظہیر الدین محلہ اسلام پورہ تلونڈی راہوالی ضلع گوجرانوالہ وصیت نمبر ۱۲۱۱۸

(۳) مکرمہ امۃ الشافی صاحبہ اہلیہ محمد ہاشم صاحب درانی چارسدہ پشاور وصیت نمبر ۱۲۶۳۱

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

مربی صاحبان کے تعاون کا شکریہ!

خاکسار کے حالیہ دورہ توسیع اشاعت الفضل کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل مربی حضرات نے خاکسار سے بھرپور تعاون کیا ہے۔ ان کے اس تعاون نے خاکسار کے کام میں بہت سہولت پیدا کر دی۔ میں ان سب کا شکر گذار ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر دے اور دینی و دنیوی نعمتوں سے مالا مال کرے۔ آمین ثم آمین۔

۱۔ مکرم سلطان محمود انور صاحب کراچی
۲۔ مکرم مولانا محمد اشرف صاحب ناصر مربی کراچی
۳۔ مکرم مولانا محمد طارق صاحب میرپور خاص
۴۔ مکرم مولانا شیخ محمد نعیم صاحب نواب شاہ سندھ
۵۔ مکرم مولانا برکت اللہ صاحب محمود

(خاکسار عباداللہ گیانی منیجر الفضل ربوہ)

الفضل کی توسیع اشاعت میں حصہ لینا ہر احمدی کا فرض ہے

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کیساتھ
چوک دَاتہ زید کا
میں بھی
حضرت حکیم نظام جان کے
چشمۂ فیض
مشہود دواخانہ (رجسٹرڈ)
نے ۱۵ فروری سے کام شروع کر دیا ہے
منیجر۔ مشہود دواخانہ چوک داتہ زید کا

مایوس و پریشان
مریض جو کسی بھی مرض میں مبتلا ہوں آج ہی مفصل علامات لکھ کر خالص جرمن، امریکن اور پاکستانی ہومیوپیتھک و بایوکیمک ادویات سے کامیاب اور سائنٹفک علاج کیلئے تشریف لائیں یا بذریعہ ڈاک دوا طلب فرمائیں۔
ہومیوپیتھک ڈاکٹر ایس اے رحمان آر۔ ایم۔ پی
شاہ ہومیوپیتھک اسٹور زاینڈ ہسپتال ربوہ

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
الحمرا سٹیٹس لمیٹڈ
فون ۳۸۵۲
۶۹۹/A سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

کوئی دوا لگاتار کھانی پڑ رہی ہے؟
آپ اس سے جان چھڑانا چاہتے ہیں؟
پرانی بیماریوں کی کیورز CURES کی فہرست سے متعلقہ کیور تلاش کر کے استعمال کریں بفضلہ تعالیٰ بیماری اور عادت دوا دور ہو جائے گی۔ کیپسولوں سے ۱۵٪ فی کیور۔ مشورہ و لٹریچر فری۔
بواسیر، دمہ اور پرانے سر درد سمیت ۱۹۹ امراض کی کیورز کے موجد
کیور ٹیوٹیڈ لیبز کمپنی لمیٹڈ۔ ربوہ۔ فون ۳۶۱

ٹنڈر نوٹس

پرسنٹیج آئیٹم ریٹ ٹنڈر مندرجہ ذیل کاموں کے لئے محکمہ شاہرات کے ان منظور شدہ ٹھیکیداروں سے جنہوں نے برائے سال ۱۹۸۱-۸۲ء اپنے نام انلسٹمنٹ تجدید کروائے ہیں، مطلوب ہیں جو مورخہ ۱۶-۳-۸۲ کو بوقت ۱۲ بجے دوپہر وقت مقررہ پر ٹھیکیداروں یا ان کے ایجنٹوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

دیگر شرائط مندرجہ ذیل ہیں

۱۔ ٹنڈر بذریعہ ڈاک یا ٹیلیفون قابل قبول نہ ہوگا
۲۔ ٹنڈر بغیر زر ضمانت ناقابل قبول ہوگا۔ زر ضمانت چالان خزانہ یا کسی ڈیمانڈ کال کے ہمراہ قابل ہوگا
۳۔ ٹنڈر ان ٹھیکیداروں کو دیئے جائیں گے جو تمام کاغذات اندراج ٹھیکیداری برائے سال ۱۹۸۱-۸۲ء پیش کریں گے۔ بصورت دیگر ٹنڈر جاری نہیں کیا جائے گا۔
۴۔ کام کی شرائط و تفصیلات یعنی شرح نقشہ جات ڈرائینگ وغیرہ کسی بھی دن دفتری اوقات میں دیکھے جا سکتے ہیں۔
۵۔ زیر دستخطی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بغیر وجہ بتلائے کوئی ایک یا تمام ٹنڈر منسوخ کر دے
۶۔ مشروط ٹنڈر قابل قبول نہ ہوگا
۷۔ دستاویزات ٹنڈر دفتری اوقات میں بعوض مجوزہ فیس (ناقابل واپسی) ۱۵-۳-۸۲ تک حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ ٹنڈر وصول کرنے کی تاریخ کو کوئی ٹنڈر جاری نہیں کیا جائے گا
۸۔ کمپنی یا فرم کی صورت میں مختار نامہ ٹنڈر کے ہمراہ لگانا ضروری ہوگا۔

نمبر شمار	تفصیل کام	تخمینہ لاگت	زر ضمانت	معیاد کام
۱	تربیوں سد ضائی لنک پل میل ۱۷ جھنگ شورکوٹ کبیر والا سڑک پر کی سلیب کی ریڈ میکنگ	۱۱,۰۰,۰۰۰/-	۲۲,۰۰۰/-	۶ ماہ
۲	سرفیس ڈریسنگ جھنگ سرگودھا سڑک میل ۱۱ تا ۱۴	۱,۷۰,۰۰۰/-	۳,۴۰۰/-	۲ "
۳	سرفیس ڈریسنگ پنڈی بھٹیاں چنیوٹ سڑک میل ۷۶، ۸۱ اور ۸۹ (فرلانگ ۳)	۱,۸۰,۰۰۰/-	۳,۶۰۰/-	۲ "
۴	سرفیس ڈریسنگ فیصل آباد جھنگ بھکر سڑک میل ۱۳۱ تا ۱۳۳	۱,۵۰,۰۰۰/-	۳,۰۰۰/-	۲ "
۵	سرفیس ڈریسنگ جھنگ چنیوٹ سڑک میل ۳۳، ۳۶ تا ۴۳، میل ۴۸ تا ۵۱،	۵,۵۰,۰۰۰/-	۱۱,۰۰۰/-	۳ "
۶	سرفیس ڈریسنگ جھنگ ٹوبہ ٹیک سنگھ سڑک میل ۵، ۷ اور ۸۔	۷۵,۰۰۰/-	۱,۵۰۰/-	۱ "
۷	سرفیس ڈریسنگ شورکوٹ ٹاؤن تا شورکوٹ سڑک میل ۳، ۶، ۷ اور ۱۰	۲,۰۰,۰۰۰/-	۴,۰۰۰/-	۲ "
۸	سرفیس ڈریسنگ خوشاب مظفر گڑھ سڑک میل ۱۲۱، ۱۲۲، ۱۲۳ (۵)	۸۰,۰۰۰/-	۱,۶۰۰/-	۱ "

(ظفر حنیف)
مہتمم شاہرات جھنگ

IPL - 1286

اٹھرا، بواسیر، ذیابیطس، دمہ، پرانی خارش و چنبل، تبخیر معدہ
مردانہ و زنانہ خاص امراض کا بفضلہٖ کامیاب علاج:
مطب ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ لاہور پر
تشریف لائیں
(گورنمنٹ کنٹریکٹر)
فون نمبر: ۶۸۱۲۶ / ۵۳۴۲۰ ، رہائش ۶۲۹۳۰، فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۳۶۲
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

رجسٹرڈ
HERCULES
مضبوطی میں بے مثال
کارکردگی میں لاجواب
شوبیٹ مارکیٹ
ہرکولیس
امپورٹڈ میٹریل سے تیار شدہ
HERCULES
ہر قسم کی گاڑیوں کے سلنسر، پائپ، سلنسر بکس اور پچھلی کمانی سپیشلسٹ
میاں بھائی
۱۰ منٹگمری روڈ، لاہور۔ فون نمبر: ۳۰۵۴۰۴ ، ۳۰۵۳۹۶

نیو ٹریڈرز
نیو گلاس کمپنی
مین بازار سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا
ہمارے ہاں پاکستان چپ بورڈ، کاچپ بورڈ، فارمیکا، ہارڈ بورڈ اور فوم مٹرس ہر قسم اور عمارتی شیشہ، شیٹ گلاس حسن ابدال کا بنا ہوا ارزاں نرخوں پر دستیاب ہے

کراچی میں جائیداد کی خرید و فروخت
اور
سندھ میں زرعی زمین کے حصول کیلئے
درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجئے
لینڈ مارکس
LAND MARKS.
۱/۱ سی ۱۰۳ کمرشل ایریا "بی" پوسٹ بکس نمبر ۱۰۴۳۶
ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۱۴
فون: ۵۴۰۸۳۴ - ۵۴۰۸۶۶

خدا کے فضل اور رحم کیساتھ
ھُوَالنَّاصِرُ
Digitized by Khilafat Library Rabwah
کراچی میں
معیاری سونا کے معیاری زیورات خریدنے
اور بنوانے کے لئے تشریف لائیں
الرؤف جیولرز
۱۶۔ خورشید کلاتھ مارکیٹ، حیدری، شمالی ناظم آباد کراچی
فون: ۶۱۷۰۶۹

جدید فیشن کیمطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے
نیو پاک جیولرز
۱۱۱ - فیروزپور روڈ
نزد گلیکسی سینما اچھرہ
لاہور
پروپرائیٹر
میاں عظیم قادر اینڈ سنز
رہائش
فون
۴۱۰۹۷۴، ۴۱۸۶۴۶، ۴۱۸۶۴۵

آپ کو معلوم ہو کہ
ہمارے دواخانہ
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز
کا نام اب:
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
زیر نگرانی: حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند حضرت حکیم نظام جان
ہو چکا ہے:
خدمت کی راہوں پر رواں دواں: دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ، فون: ۷۴۸۴۴
بالمقابل ایوان محمود، ربوہ، فون: ۶۳۸
۷۱۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷ ، قلعہ کالر ضلع سیالکوٹ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت

جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں۔ ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے

شریف ڈینٹل کلینک

نزد مسجد اقصیٰ ربوہ فون ۵۴۳

نظر اور دھوپ کی عینکوں کے لئے شیئر آپٹیکل سروس

کئی سال سے آپکی بے لوث خدمت کرنیوالا واحد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

سکنی و زرعی اراضی، مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت کیلئے آپ کی خدمت کا متمنی

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

انس مارکیٹ ربوہ

فون نمبر ۵۳۵

زرعی سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے

بلال اسٹیٹس ربوہ

فون: ۵۰۸ ، گھر: ۴۰۵

دانتوں کی مضبوطی کے لئے

نظام منجن

دواخانہ حکیم نظام جان پوسٹ بکس ۲۲۲

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون ۷۳۹۹۷

- رہائشی پلاٹس
- مکانات ۔ اور
- زرعی اراضی

کی خرید و فروخت کیلئے

آپکی مخلصانہ خدمت کیلئے چشم براہ

صدیق اسٹیٹ ایجنسی

اقصیٰ چوک ۔ ربوہ

چوہدری محمد صدیق

فون دفتر ۶۴۰ فون رہائش ۵۴۰

احمد موٹر آٹو موبائل انجینئرز

فون ۴۰۴۴۵

جرمن اور جاپانی گاڑیوں کی مرمت کا خصوصاً اعلیٰ انتظام ۔ گاڑیوں کی اطمینان بخش اور ہالنگ، ڈنٹنگ، پینٹنگ الیکٹرک، ویل بیلنسنگ، ویل الائنمنٹ کیلئے رجوع فرماویں

عنایت بازار اوجڑی کیمپ مری روڈ راولپنڈی